## دہشت گردوں کے کیخلاف بلاامتیاز کاروائی کی جائے گی، رحمٰن ملک

## نائن زیرو کا تعزیتی دورہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنویز ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

کراچی:۔۔۔۔04 مئی، 2011ء

وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک اور گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد نے بدھ کی شام ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کا تعزیتی دورہ کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنویز ڈاکٹر فاروق ستار و اراکین رابطہ کمیٹی کنور خالد یونس، شاہد لطیف، اشفاق منگی، سیف یار خان، وسیم آفتاب، ڈاکٹر صغیر، یوسف شاہوانی ،گلفر از خان خٹک کے علاوہ حق پرست سینٹر بابر غوری، صوبائی وزیر عادل صدیقی بھی موجود تھے۔ملاقات میں رحمٰن ملک نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنویز ڈاکٹر فاروق ستار و اراکین رابطہ کمیٹی سے گزشتہ دنوں کراچی میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں شہید ہونیوالے ایم کیوایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن فاروق بیگ اور سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی لیاقت قریشی کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اس افسوناک واقعہ پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان سے دلی ہمدردی کا اظہار بھی کیا۔انہوں نے ایم کیوایم کے شہداء کے مغفرت اوران کے بلند درجات کیلئے دعا بھی کی۔اس موقع پر میڈیا سے مختصراً گفتگو کرتے ہوئے رحمٰن ملک نے ایم کیوایم کے رہنماؤں لیاقت قریشی شہید اور فاروق بیگ شہید کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے رہنماؤں کی شہادت پر وہ جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے تمام دوستوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے کہا کہ سازشی عناصر کراچی کا امن تباہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں لیکن حکومت اتحادیوں کے تعاون سے اس سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیگی۔انہوں نے مزید کہا کہ ہم نہیں چاہتے کہ اب کراچی میں کوئی لیاقت قریشی یا فاروق بیگ شہید کیا جائے، جولوگ یہ تاثر دے رہے ہیں کہ وہ پاورفل ہیں انہیں بتادینا چاہتے ہیں کہ حکومت پاورفل ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک دشمن مفاد پرست عناصر کسی بھی پارٹی سے تعلق رکھتے ہوں وہ قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے خون کسی کا بھی ہے وہ ہمارے لئے انتہائی تکلیف دہ ہے۔انہوں نے ایم کیوایم کے تعاون پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ کراچی میں بے گناہ شہریوں کے قتل پر کوئی انسان دوست خاموش نہیں رہ سکتا۔ٹارگٹ کلنگ میں ملوث عناصر کا تعلق کسی بھی جماعت سے ہوان کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائیگی۔بعدازاں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنویز ڈاکٹر فاروق ستار و اراکین رابطہ کمیٹی نے وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کا نائن زیرو کا تعزیتی دورہ کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆